HIJRA انگریزی تالیف از زکریا بشیر ۔ ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳، لندن روڈ، لائسسٹر (LE 2 7ZE U.K.) طباعتی معیار نہایت اچھا ۔ صفحات : ۱۱۰ ۔ قیمت درج نہیں۔

ہجرت کی داستان اور اس کی معنویت ۔ دونوں پہلوؤں سے نہایت اچھی تحریر ہے مستشرقین نے ہجرت کو دو غلط مفہوم دیئے ہیں : ایک یہ کہ یہ ایک طرح کا فرار (FLIGHT OR WITHDRAWL) تھا ۔ دوسرے یہ کہ مدینہ کے سرداران اوس و خزرج آپ کو صرف اس بنا پر لے گئے تھے کہ باہمی جنگ و جدل سے نجات پانے کے لیے آپ کو حَکَم بنا سکیں ۔ ان دونوں غلط تصورات کی مدلل تردید کرتے ہوئے یہ واضح کیا گیا ہے کہ ہجرت کا اقدام نظریاتی یا سیاسی اور تمدنی لحاظ سے ایک مثبت عمل تھا ۔ ایک بحث دارالاسلام اور دارالحرب کی کی گئی ہے ، مگر یہاں ایک اور اصطلاح کو بھی لیا جانا چاہیے تھا اور وہ ہے دارالکفر ۔ اس کتاب کی ایک اہم وسیع بحث منافقین کے بارے میں ہے ۔ مختصر یہ کہ یہ بہت قابلِ قدر کتاب ہے ۔

بازارِ رشوت تصنیف : منشی عبدالرحمٰن خان ۔ ناشر: صدیقی ٹرسٹ ، نسیم پلازا ، نشتر روڈ ، کراچی نمبر ۵ ۔ قیمت : ۱۲/- روپے ۔

رشوت کے موضوع پر ایک جامع مقالہ (THESIS) ہے ۔ رشوت کیا ہوتی ہے ، کن کن شکلوں میں اس کا چلن ہے ، مختلف شعبہ ہائے کار میں اس کا دخل کیسی کیسی صورتوں میں ہے ، قرآن و حدیث کی رُو سے رشوت کتنا بڑا گناہ ہے اور آخر میں یہ بحث کہ اس کے انسداد کی مؤثر صورتیں کیا ہو سکتی ہیں ۔ یہ کتاب دفتری ، کاروباری اور معاملاتی امور میں اصلاح کا ذریعہ بن سکتی ہے ۔

منشی عبدالرحمٰن صاحب جانے پہچانے مصنف ہیں اور دینی نقطۂ نظر سے معاشرے کی مختلف خرابیوں کا خاتمہ چاہتے ہیں ۔